DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**مورخہ 26.09.2024**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | وزیراعظم یوتھ پروگرام نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھارتا ہے، گورنر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | کوئٹہ اور سبی میں بم حملہ ایک جاں بحق 15 زخمی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کرینگے، وزیراعلی بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | شہریوں کو صاف پانی کی فراہمی واسا کی استعداد کار بڑھائینگے، سردار کھیتران | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | ہسپتالوں کی حالت بہتر بنانے کیلئے حکمت عملی تیار کر رہے ہیں، بخت محمد کاکڑ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | تعمیراتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیار پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، سلیم کھوسہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | نور محمد دمڑ کا بلڈ کینسر کی مریض بہنوں کا سرکاری خرچ پر علاج کرانے کا اعلان | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | نوجوان اپنی ثقافت کو زندہ رکھیں اور نئی نسل تک منتقل کریں، نسیم الرحمان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | پولیو کی یونین کونسل سطح کی ٹیموں کی تبدیل کیا جائے، چیف سیکرٹری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | عوام کی جان ومال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، ترجمان صوبائی حکومت | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | دوبارہ گنتی ہو تو فارم 45 اور 47 کا حتمی تعین نہیں کیا جا سکتا، سپریم کورٹ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 11 | بلوچستان اسمبلی کی نئی عمارت تعمیر کرنیکا فیصلہ پانچ ارب مختص | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | بلوچستان کے کسانوں کیلئے سولر اسکیم قابل ستائش ہے، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | تعمیراتی منصوبوں میں معیار کا خاص خیال رکھا جائے، لعل جان جعفر | سینچری ودیگر اخبارات |
| 14 | کوئٹہ موٹر گیراج، آٹو شاپس، ٹمبر اور سکریپ ویئر ہاؤسز کو منتقل کرنے کا نوٹس | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | حکمران بلوچستان کا معاملہ طاقت سے حل کرنا چاہتے ہیں، بی این پی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | حکومت بے عمل اعلانات کا سہارا لے رہی ہے، جماعت اسلامی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | آئینی ترامیم بند دروازے کے پیچھے نہیں ہونی چاہیں، محمود اچکزئی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | | |

## امن وامان:

بلوچ خواتین مرضی سے خودکش حملے نہیں کرتیں بلیک میل کیا جاتا ہے، بازیاب ہونے والی خودکش حملہ آور کا انکشاف، کوئٹہ پولیس پر بم حملہ سبی میں دودستی بم دھماکہ بچہ جاں بحق 16 زخمی، کوئٹہ نامعلوم افراد کی فائرنگ سے محکمہ صحت کے ملازم ماں بیٹا جاں بحق۔

## عوامی مسائل:

کوئٹہ سرکاری تعلیمی اداروں کے طلبہ ٹرانسپورٹ کی معیاری سروس سے محروم، خضدار میں مہنگائی عروج پر سبزیوں سمیت مرغی کی قیمت کو پر لگ گئے۔

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 26.09.2024

**اداریہ :**

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "گوادر پورٹ فعال " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو جو شاندار محل وقوع اور پیش خدمت وسائل عطا کئے ہیں، ان میں تقریباً ایک ہزار میل طویل ساحل سمندر بھی ہے جس میں سے 770 میل صرف بلوچستان کی حدود میں واقع ہے۔ گوادر ابتدا میں ماہی گیروں کی بستی تھی۔ پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) کی بدولت اب یہ ایک عظیم بندرگار کی شکل اختیار کر چکا ہے جو ابھی تک بین الاقوامی تجارت کیلئے اپنی وسیع گنجائش کے باوجود فعال نہیں ہوسکتی۔ جمعرات کو وفاقی کابینہ نے وزارت بحری امور کی سفارش پر تمام سرکاری اداروں کو گندم، چینی اور کھاد سمیت اپنی 50 فیصد درآمدات گوادر پورٹ کے ذریعے اندرون ملک پہنچانے کا انتظام کرنے کی منظوری دی اور ہدایت بھی کی کہ مستقبل میں اس بندرگاہ سے برآمدت کی شرح بھی بڑھائی جائے۔ ایک ذیلی کمیٹی تشکیل دی گئی جو گوادر سے درآمدات و برآمدات کی سہ ماہی رپورٹ کابینہ کو پیش کرے گی۔ گوادر بلوچستان کا علاقہ تھا جو قیام پاکستان کے وقت خلیجی ریاست اومان کے پاس تھا۔ 1958ء میں اس وقت کے وزیراعظم ملک فیروز خان نون نے اسے خرید کر پاکستان میں شامل کیا۔

**اداریے :**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "shahzaib Rind's triumphant vitory" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Challenge of Polio" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "بلوچستان کے پڑھے لکھے نوجوانوں کی ترجیحات " کے عنوان سے طارق خان کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "بلوچستان میں گڈ گورننس کیلئے سی ایم آئی ٹی کی کاوشیں " کے عنوان سے عبدالواحد کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 26 SEP 2024

Page No.


## وزیراعظم یوتھ پروگرام نوجوانوں کی صلاحیتوں کونکھارتا ہے، گورنر

### معاشی اور تجارتی تبدیلیوں کے پیش نظر جدید مہارتیں سکھانی ہونگی، جعفر مندوخیل


### ریڈکریسنٹ ہنگامی حالات میں رضا کارانہ خدمات کا اجتماعی احساس اجاگر کرے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف بلوچستان کی تعمیر وترقی میں روز اول خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں۔ صوبے کے تمام تکنیکی اور پیشہ ورانہ اداروں کو مزید موثر اور فعال بنانے کیلئے موجودہ حکومت انفراسٹرکچر کی ترقی اور افرادی قوت کے استعداد کار بڑھانے پر سرمایہ کاری کرنے کو عوام دوست اور لائق تحسین اقدامات کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم یوتھ پروگرام ایک جامع پلیٹ فارم ہے جو ملک بھر کے نوجوانوں کی خوابیدہ صلاحیتوں میں نکھار پیدا کرنے، ڈیجیٹل انفارمیشن ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنے، روزگار تلاش کرنے کی بجائے دوسروں کو روزگار فراہم کرنے اور بین الاقوامی سطح پر ملک وقوم کا نام روشن کرنے والے باصلاحیت نوجوانوں کو ضروری مواقع فراہم کرتا ہے. یہ بات انہوں نے چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں کی قیادت میں وفد سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ سردست ہمیں مستقبل قریب میں معاشی اور تجارتی تبدیلیوں کے پیش نظر بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید مہارتیں سکھانے ہوں گے۔ اس ضمن میں موجودہ حکومت اپنے نوجوانوں کو معیاری تعلیم اور جدید مہارتیں سکھانے کی اہمیت وافادیت سے خوب آگاہ ہے۔

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی (BRCS) کی مناسب حصہ داری کو یقینی بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ قومی سطح پر صوبہ بلوچستان کے بارے میں ڈیزاسٹر مینجمنٹ اور امدادی کارروائیوں سے متعلق کوئی بھی فیصلہ کرنے سے پہلے بلوچستان ریڈ کریسنٹ کو اعتماد میں لینا لازمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریڈ کریسنٹ کی ذمہ داری ہے کہ وہ قدرتی آفات، وبائی امراض اور دیگر ہنگامی حالات میں امدادی کارروائیوں اور رضاکارانہ خدمات کا اجتماعی احساس اجاگر کریں۔ ان خیالات کا انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں بلوچستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی کے سالانہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان ہاشم خان غلزئی اور بلوچستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی کے چیئرمین عبدالولی خان ضمیری سمیت تمام متعلقہ ممبرز بھی موجود تھے. سالانہ اجلاس کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر بلوچستان نے دوٹوک الفاظ میں واضح کردیا کہ میں کسی وقت بھی اچانک دورہ کر سکتا ہوں۔ لہٰذا آج کے سالانہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں کے نتیجے میں اپنے ادارے کی کارکردگی کو بہتر بنانے، اسٹاف کی حاضری کو یقینی بنانے، مقامی سرگرمیوں کو تیز کرنے، ڈسٹرکٹ کی سطح پر رضاکاروں کو متحرک کرنے اور ہر یونین کونسل کی سطح پر ابتدائی طبی امداد کی تربیت فراہم کرنے کیلئے جامع حکمت عملی وضع کریں۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ گزشتہ تین عشروں میں بلوچستان نے بہت بڑے چیلنجز کا سامنا کیا ہے جن میں خشک سالی، زلزلے، سیلاب اور تباہ کن بارشیں شامل ہیں، جسکے نتیجے میں بڑے پیمانے پر انسانی جانوں اور املاک کے نقصانات ہوئے اور بنیادی ڈھانچے کی تباہی ہوئی۔



کوئٹہ : گورنر شیخ جعفر مندوخیل پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی کے سالانہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



کوئٹہ گورنر جعفر مندوخیل سے ریٹائرڈ سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو حامد الکریم ملاقات کررہے ہیں


MASHRIQ QUETTA


## باصلاحیت نوجوانوں کو ضروری مواقع فراہم کیے جارہے ہیں، گورنر بلوچستان

### ہمیں مستقبل قریب کی خطے میں معاشی اور تجارتی تبدیلیوں کے پیش نظر بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید مہارتیں سکھانی ہوں گی

### تمام تکنیکی اور پیشہ ورانہ اداروں کو مزید موثر اور فعال بنانے کیلئے موجودہ حکومت انفراسٹرکچر کی ترقی کیلئے پرعزم ہے، جعفر مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف بلوچستان کی تعمیر وترقی میں روز اول خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں. صوبے کے تمام تکنیکی اور پیشہ ورانہ اداروں کو مزید موثر اور فعال بنانے کیلئے موجودہ حکومت انفراسٹرکچر کی ترقی اور افراد قوت کے استعداد کار بڑھانے پر سرمایہ کاری کرنے کو عوام دوست اور لائق تحسین اقدامات قرار دیے. انہوں نے کہا کہ .......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم یوتھ پروگرام ایک جامع پلیٹ فارم ہے جو ملک بھر کے نوجوانوں کی خوابیدہ صلاحیتوں میں نکھار پیدا کرنے، ڈیجیٹل انفارمیشن ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنے، روزگار تلاش کرنے کی بجائے دوسروں کو روزگار فراہم کرنے اور بین الاقوامی سطح پر ملک وقوم کا نام روشن کرنے والے باصلاحیت نوجوانوں کو ضروری مواقع فراہم کرتا ہے. یہ بات انہوں نے چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں کی قیادت میں وفد سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ سردست ہمیں مستقبل قریب کی خطے میں معاشی اور تجارتی تبدیلیوں کے پیش نظر بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید مہارتیں سکھانے ہوں گے. اس ضمن میں موجودہ حکومت اپنے نوجوانوں کو معیاری تعلیم اور جدید مہارتیں سکھانے کی اہمیت وافادیت سے خوب آگاہ ہے



گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے جمال الدین اچکزئی کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے



گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے قبائلی رہنما، سردار موسیٰ خان کاکڑ ملاقات کررہے ہیں

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No.

Dated: 26 SEP 2024 Page No.


# PM's Youth Program to provide employment, digital skills: Governor

**Staff Report**

**QUETTA:** Governor Balochistan Jafar Khan Mandukhel said that Pakistan Prime Minister Mian Shahbaz Sharif is taking special interest in the construction and development of Balochistan. In order to make all the technical and professional institutions of the province more efficient and active, the current government to invest in the development of infrastructure and increasing the capacity of the manpower was declared as people-friendly and commendable measures.

Talking to a delegation led by Chairman Prime Minister's Youth Program Rana Mashhood Ahmed Khan during a meeting at Governor House Quetta, he said that the Prime Minister Youth Program is a comprehensive platform to improve the dream skills of the youth of the country, to adapt them to digital information technology, to provide employment to others instead of looking for employment, and to promote the country and the world at the international level. It provides the necessary opportunities to the talented youths who shine the name of the nation.

Balochistan's youth will have to be taught modern skills. In this regard, the current government is well aware of the importance and usefulness of teaching quality education and modern skills to its youth. Skills Development Program under Digital Youth Hub is actually giving equal importance to education and modern skills by providing vocational and technical training. Encouraging the youth to find online business opportunities, e-commerce and digital entrepreneurship will not only yield positive results, but our youth will also be able to gain access to global markets. Governor Jafar Khan Mandukhel said that the youth of Balochistan are full of creativity and it is necessary to provide them with necessary opportunities and facilities.

Meanwhile, Governor Balochistan Jafar Khan Mandukhel said that concrete measures will be taken to ensure proper participation of Balochistan Red Crescent Society (BRCS). Balochistan Red Crescent must be taken into confidence before taking any decision related to disaster management and relief operations in the province of Balochistan at the national level. He said that it is the responsibility of the Red Crescent to highlight the collective sense of relief operations and voluntary services in natural disasters, epidemics and other emergency situations. He expressed these thoughts while presiding over the annual meeting of Balochistan Red Crescent Society in Governor's House Quetta. On this occasion, Principal Secretary to Governor Balochistan Hashim Khan Ghalzai and Balochistan Red Crescent Society Chairman Abdul Wali Khan Ghabizai and all the relevant members were also present. While talking to the participants of the annual meeting, Governor Balochistan made it clear in blunt words that I can make a sudden visit at any time, so as a result of the decisions taken in today's annual meeting, to improve the performance of my institution, the attendance of the staff. Formulate a comprehensive strategy to ensure, intensify local activities, mobilize volunteers at district level and provide first aid training at each union council level.

Governor Balochistan said that in the last three decades, Balochistan has faced enormous challenges, including drought, earthquakes, floods and devastating rains, resulting in huge human and property losses and destruction of infrastructure. He said that all the responsible members of the organization should give professional suggestions to expand humanitarian activities and further improve public welfare, including sustainable solutions to our social problems, cooperation with other organizations and engagement with local communities. Also be mentioned.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. ............

Page No. ............

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

جلد 53 | جمعرات 21 ربیع الاول 1446ھ 26 ستمبر 2024ء صفحات 08 | شمارہ 88

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gm | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

# دہشتگردوں کیخلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

## کوئٹہ میں پولیس موبائل پر دہشت گردوں کا حملہ قابل مذمت، زخمی پولیس اہلکار اور شہریوں کو بہتر طبی امداد دی جائے

## صوبائی حکومت اپنے سیکورٹی اداروں اور عوام کے تعاون سے دہشت گردی کے عفریت کا مکمل خاتمہ کرے گی، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ میں پولیس موبائل پر دہشت گردی کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ افسوسناک واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا انہوں نے کہا کہ دہشت گرد بزدل ہیں جو سوفٹ ٹارگٹ کی تلاش میں رہتے ہیں وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہے گی اور صوبائی حکومت اپنے سیکورٹی اداروں.........

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

اور عوام کے تعاون سے دہشت گردی کی عفریت کا مکمل خاتمہ کرے گی وزیراعلیٰ نے حملے میں زخمی پولیس اہلکار اور شہریوں کی صحت یابی کیلئے دعا کرتے ہوئے زخمیوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.________ Page No.________


روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ
سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 22 شمارہ 283 | جمعرات، 21 ربیع الاول، 26 ستمبر 2024، صفحات 8 قیمت 40 روپے


## مشرقی بائی پاس پر موٹر سائیکل میں نصب بم دھماکہ 2 پولیس اہلکاروں سمیت 12 زخمی، وزیراعلیٰ کی شدید مذمت

**پولیس موبائل کو نشانہ بنانے کیلئے آدھا کلو دھماکہ خیز مواد نصب کرکے بائیک بارکزئی ٹاؤن کے قریب کھڑی کی گئی تھی**

**دہشت گرد بزدل ہیں، سیکورٹی اداروں اور عوام کے تعاون سے ان کا خاتمہ کریں گے، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی، ترجمان حکومت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ کے مشرقی بائی پاس پر موٹر سائیکل میں نصب بم کے دھماکے میں دو اہلکاروں سمیت 12 راہگیر زخمی ہو گئے، وزیراعلیٰ کی شدید مذمت، پولیس کے مطابق نامعلوم افراد نے پولیس موبائل کو نشانہ بنانے کیلئے موٹر سائیکل میں دھماکہ خیز مواد نصب کر کے (باقی صفحہ 5 نمبر 20)

مشرقی بائی پاس کے علاقے بارکزئی ٹاؤن کے قریب سڑک کنارے کھڑی کی تھی بدھ کی صبح عبدالخالق شہید تھانے کا سب انسپکٹر محمد ابراہیم، کانسٹیبل سیف اللہ اور ڈرائیور قاہر کے ہمراہ مشرقی بائی پاس پر معمول کی گشت کر رہا تھا موبائل گاڑی جیسے ہی بارکزئی ٹاؤن کے قریب پہنچی تو موٹر سائیکل میں نصب بم زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں کانسٹیبل سیف اللہ ولد محمد شریف، ڈرائیور عبدالقاہر خان ولد عبدالظاہر خان سمیت دس راہگیر عبدالحفیظ، محمد عیسیٰ، نذیر احمد، نعمت اللہ، عبدالقدیر، دین محمد، خلیل احمد، محمد نسیم، حسنین علی اور نعمت اللہ دھماکے کی زد میں آکر زخمی ہو گئے جبکہ سب انسپکٹر محمد ابراہیم معجزانہ طور پر محفوظ رہا، اطلاع ملنے پر پولیس، ایف سی، سی ٹی ڈی کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا دھماکے سے چار موٹر سائیکلوں، دو گاڑیوں کو نقصان پہنچا جبکہ قریبی عمارتوں کے شیشے ٹوٹ گئے بم ڈسپوزل اسکواڈ کے مطابق دہشت گردوں نے آدھا کلو دھماکہ خیز مواد موٹر سائیکل میں ریموٹ کنٹرول کے ذریعے نصب کیا تھا مزید شواہد اکٹھے کئے جا رہے ہیں جبکہ سی ٹی ڈی نے مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کر دی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پولیس موبائل پر دہشت گردی کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ افسوسناک واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا انہوں نے کہا کہ دہشت گرد بزدل ہیں جو سافٹ ٹارگٹ کی تلاش میں رہتے ہیں وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور صوبائی حکومت اپنے سیکورٹی اداروں اور عوام کے تعاون سے دہشت گردی کے عفریت کا مکمل خاتمہ کرے گی وزیراعلیٰ نے حملے میں زخمی پولیس اہلکار اور شہریوں کی صحت یابی کیلئے دعا کرتے ہوئے زخمیوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔ علاوہ ازیں ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے کوئٹہ مشرقی بائی پاس پر پولیس موبائل پر ہونے والے حملے کی مذمت کی ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Bullet No.

Page No.

THE DAILY INTEKHAB (HUB)
روزنامہ انتخاب
حب بلوچستان
رجسٹرڈ نمبر بی سی I-3
قیمت 40 روپے
صفحات 8
www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 36 | بروز بدھ/25 ستمبر 2024ء بمطابق 20/ربیع الاول 1446ھ | شمارہ نمبر 263


# شاہ زیب رند بلوچستان اور پاکستان کا فخر ہے، میر سرفراز بگٹی

## آپ جیسے باصلاحیت نوجوانوں سے ہی ملک کا روشن مستقبل وابستہ ہے، صوبے کے نوجوانوں کیلئے ترقی کی روشن مثال ہیں

**وزیراعلیٰ نے عالمی کراٹے کمبیٹ کھلاڑی شاہ زیب رند کو کوئٹہ پہنچنے پر خوش آمدید کہا، گلے سے لگا کر مبارکباد دی، ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی**

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کراٹے کومبیٹ میں عالمی سطح کی جیت کا ٹائٹل برقرار رکھنے پر بلوچستان سے تعلق رکھنے والے کھلاڑی شاہ زیب رند کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار اور حکومت بلوچستان کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا ہے کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے عالمی کراٹے کمبیٹ کھلاڑی شاہ زیب رند منگل کو کوئٹہ پہنچے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی کھلاڑی شاہ زیب رند کو کوئٹہ ائیر پورٹ پر خوش آمدید کہا اور گلے سے لگایا وزیراعلیٰ نے شاہ زیب رند کو جیت کا تسلسل برقرار رکھنے پر مبارکباد دی اور فتح کے لئے جہد مسلسل اور محنت پر شاباش

بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر

دی شاہ زیب رند سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آپ بلوچستان اور پاکستان کا فخر ہیں اور آپ جیسے باصلاحیت نوجوانوں سے ہی ملک کا روشن مستقبل وابستہ ہے بلوچستان کے نوجوانوں کے لئے آپ ترقی کی روشن مثال ہیں، وزیراعلیٰ نے شاہ زیب رند کی مسلسل جیت پر مسرت کا اظہار کیا اور انہیں وزیراعلیٰ ہاؤس مدعو کیا اس موقع پر صوبائی وزرا بخت محمد کاکڑ، میر عاصم کرد گیلو، وزیراعلیٰ کی مشیر برائے کھیل مینا مجید بلوچ، مشیر محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری عبدالصمد گورگیج، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند، سیکرٹری کھیل قمر بلوچ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات ڈائریکٹر جنرل کھیل یاسر خان بازئی اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود ملاقات کر رہے ہیں

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.______ Page No.______



باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت مسلسل اشاعت کے 79 سال بلوچستان کا قدیم اور مقبول روزنامہ

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 79 | جمعرات 26 ستمبر 2024ء 21 ربیع الاول 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 264


# دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کریں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان

## کوئٹہ اور سبی میں بم حملے

## ایک جاں بحق، 15 زخمی

کوئٹہ میں سکیورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب بم دھماکا ہوا، دھماکا ہوتے ہی پولیس اور قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کے اہلکار دھماکے کی جگہ پہنچ گئے

**دہشت گرد بزدل ہیں جو سوفٹ ٹارگٹ کی تلاش میں رہتے ہیں، دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، وزیراعلیٰ**

کوئٹہ، سبی (این این آئی، خ ن) کوئٹہ میں پولیس موبائل پر بم دھماکہ پولیس اہلکار سمیت 12 افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق بدھ کو کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس بھوسہ منڈی میں دوران گشت پولیس موبائل پر بم دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار سمیت 12 افراد عبدالحفیظ، محمد عیسیٰ، قدیر احمد، نعمت، عبدالقدیر، دین محمد، خلیل احمد، نسیم، حسنین، سیف اللہ، نعمت ولد حاجی محمد افضل اور عبدالقاہر زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا، واقعے کی اطلاع ملتے ہی سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے جائے وقوعہ پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لینے کے بعد شواہد اکٹھے کر کے مزید تحقیقات شروع کر دی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پولیس موبائل پر حملہ کی مذمت کرتے

ہوئے کہا کہ دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا دہشت گرد بزدل ہیں جو سوفٹ ٹارگٹ کی تلاش میں رہتے ہیں، دہشت گردوں کے خلاف کارروائی جاری رہے گی، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے واقعے میں زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی، انہوں نے ہدایت کی کہ زخمیوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ دریں بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں سکیورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب بم دھماکا ہوا ہے۔ پولیس کے مطابق سکیورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب بم دھماکا مشرقی بائی پاس بھوسہ منڈی کے علاقے میں ہوا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دھماکے میں ایک پولیس اہلکار سمیت 3 افراد زخمی ہوئے ہیں، زخمیوں کو فوری طبی امداد کے لیے سول سنڈیمن ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ دھماکا ہوتے ہی پولیس اور قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کے اہلکار دھماکے کی جگہ پہنچ گئے جنہوں نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔ پولیس نے کہا کہ بم ڈسپوزل

سکواڈ کو طلب کر لیا گیا ہے، دھماکے کی نوعیت کا تعین کیا جا رہا ہے، دھماکا خیز مواد موٹر سائیکل میں نصب کیا گیا تھا، دھماکے کی جگہ کے قریب ایک تباہ موٹر سائیکل پڑی ہوئی ہے۔ مزید وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ میں پولیس موبائل پر دہشت گردی کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ افسوسناک واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا انہوں نے کہا کہ دہشت گرد بزدل ہیں جو سوفٹ ٹارگٹ کی تلاش میں رہتے ہیں وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہے گی اور صوبائی حکومت اپنے سیکورٹی اداروں اور عوام کے تعاون سے دہشت گردی کی عفریت کا مکمل خاتمہ کرے گی وزیر اعلیٰ نے حملے میں زخمی پولیس اہلکار اور شہریوں کی صحت یابی کیلئے دعا کرتے ہوئے زخمیوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔ دریں سبی آلہ آباد بس اڈے کے قریب نامعلوم افراد کا دستی بم حملہ نتیجے میں ایک بچہ جاں بحق چار بچے زخمی 2 کی حالت تشویشناک ہے تفصیلات کے مطابق سبی آلہ آباد بس اڈے کے قریب نامعلوم افراد کا دستی بم حملہ نتیجے میں ایک بچہ جاں بحق چار بچے شدید زخمی 2 کی حالت تشویشناک ہے دھماکا ایڈووکیٹ اعظم لونی کے گھر کے باہر ہوا ہے دھماکے کے نتیجے میں ایک بچہ جاں بحق چار بچے شدید زخمی ہو گئے دھماکے کے شکار بچوں کو اسپتال منتقل کر دیا گیا متاثرہ بچوں کی عمریں دس سے پندرہ سال تک ہیں دھماکے کے بعد پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated 26 SEP 2024

Page No.

## پولیو کی یونین کونسل سطح کی ٹیموں کو تبدیل کیا جائے، چیف سیکرٹری

### مہم میں حصہ نہ لینے والے محکمہ صحت کا ملازم برطرف ہوگا، اجلاس میں فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبے میں پولیو کے خاتمے کے حوالے سے بدھ کو ایک اہم اجلاس ہوا جس میں گذشتہ مہم کی پیش رفت اور آنے والی مہم کے حوالے سے فیصلے کیے گئے اجلاس میں کمشنر کوئٹہ حمزہ شفقات، صوبائی کوآرڈینیٹر ای او سی انعام الحق، ڈبلیو ایچ او، یونیسیف اور دیگر انٹرنیشنل اداروں کے نمائندوں، ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ وڈیو لنک شرکت کی چیف سیکرٹری نے ہدایت کی ہے کہ محکمہ صحت کے جو ملازمین پولیو کے خاتمے کی مہم میں فرائض سرانجام نہیں دیں گے ان کو فوری طور پر نوکری سے برخاست کیا جائے پولیو کے خاتمے کے سلسلے میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے ہدایت کی کہ ڈپٹی کمشنرز اضلاع میں انسداد پولیو مہم کی از خود نگرانی کو یقینی بنا کر مہم کو بھرپور انداز میں چلائیں پولیو کے خاتمے کیلئے قومی ایکشن پلان پر عملدرآمد کیا جا رہا ہے۔ اجلاس میں یونین کونسل کی سطح پر بنائی گئی ٹیموں کو بھی تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا گیا چیف سیکرٹری نے ڈی جی ہیلتھ کو لیڈیز ہیلتھ وزیٹرز اور ورکرز کی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔



چیف سیکرٹری شکیل قادر امتحانات میں نقل کے خاتمے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان انسداد پولیو مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

Century Express Quetta

## چیف سیکرٹری کی زیر صدارت اجلاس، پولیو مہم کا جائزہ لیا

### صوبے سے پولیو کے خاتمے کیلئے قومی ایکشن پلان پر عملدرآمد کیا جا رہا ہے

### اجلاس میں ٹیموں کو تبدیل کرنے کا فیصلہ، ڈی جی ہیلتھ کو رپورٹ پیش کرنیکی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبے میں پولیو کے خاتمے کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں گذشتہ مہم کی پیش رفت اور آنے والے مہم کے حوالے سے چند ایک اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں کمشنر کوئٹہ حمزہ شفقات، صوبائی کوآرڈینیٹر ای او سی انعام الحق، ڈبلیو ایچ او، یونیسیف اور دیگر انٹرنیشنل اداروں کے (باقی صفحہ 5 نمبر 27)

نمائندے جبکہ ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ وڈیو لنک شرکت کی۔ اس موقع پر چیف سیکرٹری نے ہدایت کی ہے کہ محکمہ صحت کا جو ملازمین پولیو کے خاتمے کے مہم میں فرائض سرانجام نہیں دیں گے ان کو فوری طور پر نوکری سے برخاست کیا جائے، پولیو کے خاتمے کے سلسلے میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ڈپٹی کمشنرز اضلاع میں انسداد پولیو مہم کی از خود نگرانی کو یقینی بنائے اور پولیو کے خلاف مہم کو بھرپور طریقے سے جاری رکھا جائے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبہ میں پولیو کے مکمل خاتمے کے لئے قومی ایکشن پلان پر عملدرآمد کیا جا رہا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 26 SEP 2024 Page No. ______

## 37 سال قبل تعمیر ہونیوالی بلوچستان اسمبلی کی تعمیر نو کیلئے 5 ارب روپے مختص

صوبائی اسمبلی کی موجودہ عمارت کا سنگ بنیاد 1973 میں اس وقت کے گورنر نواب محمد اکبر خان بگٹی نے رکھا تھا

**ایک سال کے اندر اسمبلی کی نئی عمارت تعمیر کرلیں گے، ہماری کوشش ہے جلد اس پر کام کیا جائے ، اسپیکر اسمبلی**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے بلوچی خیمے گدان کی طرز پر فن تعمیر کی شاہکار صوبائی اسمبلی کی عمارت کو گرا کر نئی عمارت تعمیر کرنے کا فیصلہ کرلیا صرف 37 سال قبل ہی تعمیر ہونے والی اس عمارت کی دوبارہ تعمیر کیلئے صوبائی حکومت نے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں پانچ ارب روپے رکھ دیئے بلوچستان کو 1970 میں صوبے کا درجہ ملنے کے بعد 12 ایکڑ پر اراضی پر مشتمل صوبائی اسمبلی کی موجودہ ......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

عمارت کا سنگ بنیاد 1973 میں اس وقت کے گورنر نواب محمد اکبر خان بگٹی نے رکھا تھا۔ پندرہ سال کی طویل مدت کے بعد یہ عمارت مکمل ہوئی اس اسمبلی بلڈنگ کا افتتاح 28 اپریل 1987 کو اس وقت کے وزیراعظم محمد خان جونیجو نے کیا۔ بلوچستان حکومت نے رواں مالی سال کے بجٹ میں موجودہ اسمبلی کی عمارت کو گرا کر نیا بنانے کیلئے پانچ ارب روپے کی رقم رکھ سب کو حیران کردیا ,,اسپیکر بلوچستان اسمبلی کا کہنا ہے کہ ایک سال کے اندر اسمبلی کی نئی عمارت تعمیر کرلیں گے ,,ہماری کوشش ہے کہ جلد سے جلد اس پر کام کیا جائے،، ایک جائنیز فرم سے بات ہوئی ہے

## زراعت آفس بھاگ کھنڈرات میں تبدیل انتظامیہ اور زراعت افسران کے دورے فوٹو سیشن تک محدود

مسائل میں کمی کی بجائے اضافہ دیکھنے کو مل رہا ہے، زراعت آفس کئے سالوں سے بھوت بنگلے کا منظر پیش کر رہا ہے

**زراعت آفس جانوروں کی آماج گاہ بنا ہوا ہے حکومت کے جو دعوے ہیں زرعی ترقی کے وہ دھرے نظر آرہے ہیں**

بھاگ (نمائندہ خصوصی) بھاگ زراعت آفس کھنڈرات میں تبدیل انتظامیہ اور زراعت افسران کے دورے فوٹو سیشن تک محدود بھاگ شہر جو کہ ضلع بولان کی سب سے بڑی تحصیل ہونے کے ساتھ ایک قدیم شہر جانا جاتا ہے مگر بھاگ شہر کے مسائل میں کمی کی بجائے اضافہ دیکھنے کو مل رہا ہے بھاگ شہر کا زراعت آفس کئ سالوں سے بھوت بنگلے کا منظر پیش کررہا ہے اور اس وقت حالت کچھ اس طرح ہے کہ زراعت آفس جانوروں کی آماج گاہ بنا ہوا ہے حکومت کے جو دعوے ہیں زرعی ترقی کے وہ دھرے کے دھرے نظر آرہے ہیں۔ بھاگ زرعی آفس کی حالت زار موجودہ حکمرانوں کے لیا یک المیہ ہے ضلعی انتظامیہ اور بھاگ انتظامیہ کی جانب سے اس دفتر کی ابتر صورتحال کا کوئی نوٹس نہیں لیا گیا جو کہ سمجھ سے بالاتر ہے جبکہ دوسری جانب دفتر پر تعینات سرکاری ملازمین گھر بیٹھے تنخواہیں بٹور رہے ہیں زراعت کے ضلعی افسران اپنی ذمہ داری نبھانے میں مکمل ناکام ہوگئے ہیں ان کی لاپرواہی اور عدم توجہ کے باعث بھاگ کے زمیندار مایوس ہوگئے ہیں کیونکہ تحصیل بھاگ کی 60 فیصد آبادی کا روزگار اور معیشت زراعت سے منسلک ہے۔ لیکن ایوانوں میں بیٹھے حکمرانوں نے بھاگ کی عوام کو بنیادی تمام سہولیات سے محروم اور پسماندہ رکھا ہے بھاگ کے عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ اور بھاگ انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ بھاگ زرعی دفتر کی تباہ حالی کا فوری نوٹس لیکر دفتر کو فنکشنل کر کے سرکاری ملازمین سے کام لیا جائے

## اسپیشل افراد معاشرے کا اہم حصہ ہیں، پارلیمانی سیکرٹری

**موٹر سائیکلوں کی فراہمی کا مقصد ان کی سفری مشکلات کا خاتمہ کرنا ہے**

کوئٹہ (یو این اے) پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا ہے کہ اسپیشل افراد معاشرے کا اہم حصہ ہیں، ان کو معاشرے کا کارآمد شہری بنانے کیلئے ہر مکتبہ فکر کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، محکمہ سماجی بہبود خصوصی افراد کو سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے، موٹر سائیکلوں کی فراہمی کا مقصد ان کے سفری مشکلات کا خاتمہ کرنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے خصوصی افراد میں موٹر سائیکلز کی تقسیم کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

۔ حاجی ولی محمد نورزئی نے اسپیشل افراد میں ان کیلئے بنائے گے موٹر سائیکلز تقسیم کئے ۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا کہ محکمہ سماجی بہبود بلوچستان صوبے کے طول و عرض میں اسپیشل افراد کو درپیش مسائل کے حل کیلئے خصوصی اقدامات اٹھائے گی، سفری سہولیات ہوں یا بے روزگاری کا مسئلہ سماجی بہبود ان خصوصی افراد کو معاشرے کے کارآمد شہری بنانے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے گی بلکہ ہمارے معاشرے کے ہر صاحب حیثیت شخص پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ معاشرے میں موجود خصوصی افراد کیلئے کام کرے ،انہوں نے کہا کہ ان خصوصی افراد میں موٹر سائیکلز کی تقسیم کا مقصد ان کو درپیش سفری سہولیات کی فراہمی ہے کیونکہ خصوصی افراد کو کسی بھی معذوری کی وجہ سے سفر کرنے میں سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو ایسے میں بحیثیت اس معاشرے کا فرد ان کی مشکلات کے خاتمے کیلئے مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔

## سابق وزیراعلیٰ کے گھر چھاپہ، سندھ اور بلوچستان حکومتیں آمنے سامنے

**محکمہ داخلہ سندھ نے ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ بلوچستان کو احتجاجی خط لکھ دیا**

صالح بھوتانی کے گھر پر بلوچستان پولیس کی یہ کارروائی مکمل طور پر غیر قانونی تھی، متن

کوئٹہ (یو این اے) سابق نگراں وزیراعلیٰ بلوچستان صالح بھوتانی کے گھر ڈی ایچ اے کراچی میں بغیر اجازت بلوچستان پولیس کی جانب سے چھاپہ مارنے پر سندھ حکومت نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ محکمہ داخلہ سندھ نے ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ بلوچستان کو احتجاجی خط لکھ دیا ہے۔ محکمہ داخلہ کی جانب سے لکھے گئے خط میں کہا گیا ہے...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

کہ صالح بھوتانی کے گھر 22 ستمبر کی رات کو بلوچستان پولیس نے چھاپہ مارا، لیکن اس سے قبل سندھ حکومت سے اجازت نہیں لی گئی۔ خط میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان پولیس کی یہ کارروائی مکمل طور پر غیر قانونی تھی، بلوچستان پولیس کے اس عمل پر اپنے سنجیدہ تحفظات سے آگاہ کررہے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 26 SEP 2024 Page No.


MASHRIQ QUETTA

## خضدار میں مہنگائی عروج پر، سبزیوں سمیت مرغی کی قیمت کو پر لگ گئے

[illegible] غریبوں کی دسترس سے باہر

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار میں مہنگائی عروج پر، سبزیوں سمیت مرغی کی قیمت کو پر لگ گئے ہیں، شہر میں ٹماٹر کی قیمت ڈیڑھ سو روپے ہو گئی ہے خضدار سبزی مارکیٹ میں سبزیوں کی قیمت کو دوگنا کر دی ہے جس کی وجہ سے غریبوں کی دسترس سے باہر ہو چکی ہے اور دوسری جانب مرغی ڈیلر مافیاز نے خضدار کے عوام کیلئے ہر وقت چھریاں تیز کر دیا ہے مرغی کی قیمت میں یکدم 800 روپے کر دیا گیا ہے مرغی ڈیلر مافیاز سے کوئی پوچھنے والا نہیں ہے خضدار کے غریب عوام کی کھال ہر وقت مافیاز نکال رہے ہیں مرغی ڈیلر مافیاز مکمل بے لگام گھوڑے کی طرح کنٹرول سے باہر ہو چکی ہے شہر میں گراں فروشوں ذخیرہ اندوزوں اور منافع خوروں نے نرخنامہ کی دھجیاں اڑا دی ہیں منافع خوروں نے عوام کو لوٹنے میں مصروف عمل ہے۔

## کوئٹہ، سرکاری تعلیمی اداروں کے طلبہ ٹرانسپورٹ کی معیاری سروس سے محروم

**طلبہ کی تعداد کے لحاظ سے بسیں اور کوچز نہ ہونے کے برابر ہیں، پبلک ٹرانسپورٹ میں سفر پر مجبور**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بڑے شہروں میں طلبا و طالبات کے لئے محفوظ ٹرانسپورٹ کی فراہمی ایک سنگین مسئلہ ہے، اسی طرح صوبائی دارالحکومت میں بھی سرکاری کالجز اور جامعات میں صورت حال قابل رشک نہیں ہے، کوئٹہ سمیت ملک بھر کی تمام جامعات کے طلبا و طالبات شکوہ کناں ہیں کہ طلبا بڑھتی ہوئی تعداد کے باوجود ٹرانسپورٹ کی سہولت میں خاطر خواہ اضافہ نہیں کیا جاتا، بسوں میں دھکم پیل کی صورت حال ہوتی ہے طالبات کو اس ضمن میں زیادہ اذیت اٹھانا پڑتی ہے۔ اس حوالے سے طلبا و طالبات اور والدین کا کہنا ہے کہ طلبا کو تو کوئی نہ کوئی سواری مل جاتی ہے اصل دشواری طالبات کو ہوتی ہے کہ وہ طویل راستہ کیسے طے کریں۔ حدت اور شدت کے موسم میں یہ معاملہ دردسر بن جاتا ہے۔ ایسے طلبا و طالبات جو دوسرے شہروں میں پڑھنے پر مجبور ہیں انھیں اپنے آبائی علاقہ یا گھر آنے کے لئے بھاری بھرکم سفری اخراجات اٹھانا پڑتے ہیں، انھوں نے کہا کہ دور دراز سے آنے والے طلبا بالخصوص طالبات کے لئے تمام کالجز اور جامعات کی بسوں کی تعداد میں فوری طور پر اضافہ کیا جائے، تاکہ وہ اپنا تعلیمی سفر آسانی سے طے کرسکیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No.

Dated 26 SEP 2024 Page No.


# Shahzaib Rind's triumphant victory

In a glorious moment that has sent waves of pride across the nation, Shahzaib Rind, the talented karateka from Balochistan, has emerged victorious as the new World Karate Combat Champion. This remarkable achievement not only brings glory to Balochistan but also elevates Pakistan's stature on the global sports arena. The enthusiastic reception accorded to Shahzaib at the airport by Chief Minister Balochistan, Mir Sarfaraz Bugti, accompanied by provincial ministers and officials, is a testament to the province's appreciation for its champion. Shahzaib's triumph is a resounding affirmation of the untapped potential that lies within the youth of Balochistan. However, it also underscores a poignant reality the lack of recognition and support for talented athletes from smaller provinces at the national level. For far too long, players from Balochistan have been relegated to the sidelines, struggling to find platforms to showcase their skills. This apathy at the federal level has been a significant deterrent to the growth of sports talent in the province. Till date the players from Balochistan could not make place in the national cricket team that openly reflects that players from Balochistan remained defocused resulting in disappointment and disillusionment amongst youth. However, the victory of Shahzaib Rind serves as a stark reminder of the immense reservoir of talent that remains untapped due to inadequate encouragement and infrastructure. It is imperative that the government and concerned authorities take concrete steps to address this anomaly. Providing opportunities for talented youth to shine on national and international stages is crucial for fostering a culture of sports excellence. Shahzaib's achievement must be recognized as a catalyst for change. The federal government, sports authorities, and provincial administrations must join hands to create a supportive ecosystem that nurtures talent from all regions, particularly from smaller provinces. This includes investing in sports infrastructure, coaching facilities, and scouting programs to identify and develop potential champions. At the same time the youth should not be disappointed at any level and keep their struggle to achieve their goals. The celebratory welcome accorded to Shahzaib Rind by the Balochistan government sets a precedent for acknowledging and rewarding excellence. It is now essential that this enthusiasm translates into tangible support, ensuring that Shahzaib and other emerging athletes receive the necessary resources to continue making Pakistan proud. As Shahzaib's victory inspires a new generation of athletes in Balochistan and beyond, we hope that his triumph will mark a turning point in the nation's approach to sports development. By empowering talented youth from all corners of Pakistan, we can unlock a brighter future for sports in the country.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No.

Dated: 26 SEP 2024 Page No.

# Challenge of Polio

Increase and rapid rise in polio cases is alarming. Khyber Pakhtunkhwa has reported its first case of the year, bringing the national total to 21. Balochistan consistently lags behind too, with 14 children already affected this year. These numbers serve as a grim reminder that despite years of effort and millions spent, we are no closer to eradicating the virus. This begs the question: where did we go wrong? One major factor is the surging vaccine hesitancy. Despite repeated warnings from health experts and the global scientific community, the Pakistani government has failed to effectively address the myths and conspiracies that fuel this hesitancy. Instead of utilizing social media and other communication platforms powerful tools for activism and information dissemination-the authorities continue to rely heavily on door-to-door vaccination campaigns. While grassroots outreach is laudable, it is alarmingly insufficient on its own in the face of entrenched skepticism. Vaccine hesitancy, however, is only one ingredient in this toxic mix. The security concerns surrounding polio workers and the personnel who accompany them cast a dark shadow over vaccination campaigns. Notably, both militant groups and other extremists perceive vaccination drives as a means to expose their hiding spots. This has led to increasing threats and violent attacks on health workers, who have often been seen as pawns in a larger struggle. Recently, an egregious incident involving the rape of a polio health worker starkly illustrates another layer of vulnerability. Such cases not only illustrate the scant security provisions for these heroic individuals but also reflect the societal attitudes that penalize women who dare to earn a living in their communities.

In an environment where lady health workers-who often bear the brunt of verbal and physical abuse risk their lives to ensure public health, it is unreasonable to expect them to continue. Without guaranteed security from the government, why would anyone put their life in jeopardy in pursuit of a cause that is, at times, met with hostility? On a broader level, a systemic issue persists: a pervasive mistrust in state-backed healthcare services. Years of negligence, incompetently delivered healthcare solutions, and poorly maintained medical infrastructure have left many citizens wary of trusting government initiatives, no matter how critical those initiatives might be. This chronic mistrust deeply compounds the already formidable challenges faced by the polio eradication program, leading to a cyclical pattern of skepticism and inaction. To break out of this endless loop, the government must enact a radical rethinking of its strategy. First and foremost, a comprehensive survey is essential to uncover the actual reasons behind vaccine refusal. Only through an understanding of these root causes can authorities tailor their campaigns effectively, addressing specific fears and misconceptions prevalent in local communities.

Secondly, the involvement of all healthcare providers, including private clinics, should be emphasized. These clinics often have more direct, trusted relationships with local communities, making them ideal partners in spreading awareness about the importance of polio vaccinations. Essentially, a united front among medical practitioners could foster a more robust culture of health within communities. It is disheartening that writing about the spread of polio in Pakistan has become a routine affair, a grim task that underscores our nation's persistent struggle against a disease that the rest of the world has largely managed to contain. As formerly eradicated illnesses make comebacks, Pakistan remains one of the few countries where efforts to eradicate polio appear stuck in reverse. Our anti-polio drives seem to mirror the myth of Sisyphus: no matter how hard the government pushes the boulder of vaccination campaigns uphill, it inevitably rolls back down.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No.


Dated: 26 SEP 2024 Page No.


## بلوچستان میں گڈ گورننس کیلئے سی ایم آئی ٹی کی کاوشیں


تحریر: عبدالواحد


بلوچستان میں مفاد عامہ کے اہم کاموں میں گڈ گورننس عوامی خدمات کی فراہمی ترقیاتی اسکیموں کی نگرانی فنڈز کے استعمال میں شفافیت یقینی بنانا اور سرکاری محکموں کی کوتاہیوں کو دور کرنا سی ایم آئی ٹی کیا اہم اور بنیادی کام ہیں بلوچستان میں سی ایم آئی ٹی اس سلسلے میں متحرکانہ کردار ادا کررہی ہے ماضی میں ترقیاتی منصوبوں کی مئوثر مانیٹرنگ نہ ہونے کی وجہ بلوچستان کے عوام ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات سے بھرپور انداز میں فائدہ نہ اٹھاسکیر واں ماہ سی ایم آئی ٹی ممبرز منظور حسین اور عبدالغفار اچکزہ نے ضلع لسبیلہ اور ضلع حب میں دورے کے پہلے مرحلے پر


بات قابل ذکر ہے کہ وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم محکموں کے ساتھ مل کر بہتر سروس کی فراہمی ترقیاتی



منصوبوں کی بروقت تکمیل ممکن بنانے میں کوشاں اور خصوصی دلچسپی لے رہی ہے سی ایم آئی ٹی ممبر نے محکمہ پی ایچ ای کے پمپنگ اسٹیشن مین تالاب سے گڈانی کو پانی فراہمی اور اریگیشن

وندر میں محکمہ مواصلات وتعمیرات بلڈنگ اور روڈ سیکٹر کے جاری ترقیاتی منصوبوں کی انسپکشن کیلئے پراجیکٹ سائٹ کے دورے بھی کئے محکمہ مواصلات وتعمیرات بلڈنگ سیکشن کے سب انجینئر احسان نے سی ایم آء ٹی کو دس کروڑ روپے کی لاگت سے زیرتعمیر گرلز ہائی اسکول بلڈنگ اور چاردیواری کے جاری ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کروایا دوران انسپکشن اسکول برآمدے کے اور اندرون بلڈنگ کالم کی میٹریل معیاری کوالٹی نہ ہونیکی نشاندہی پر دونوں کالم گرانے کا حکم دیا سی ایم آء ٹی نے 15 کروڑ روپیکی لاگت سے زیرتعمیر ہسپتال کے تعمیراتی منصوبے کی سائٹ کا دورہ کیا دوران انسپکشن تعمیرکی گ ، بلاک میٹریل کی کوالٹی کو چیک کیا گیا بعدازاں سی ایم آء ٹی ممبر ز نے محکمہ مواصلات وتعمیرات روڈ سیکٹر کے سب انجینئر سردار علی شاہ کے ہمراہ روڈ سیکٹر کے جاری اور زیرتکمیل ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا دورے کے موقع پر ترقیاتی منصوبوں کی فنانشل اور ٹیکنیکل پروگریس کا جائزہ لیا گیا سی ایم آئی ٹی نے 54 ملین کی لاگت سے حمزہ گوٹھ کی بلیک

کلومیٹر کی لنک روڈ کی بلیک ٹاپنگ منصوبہ میں شامل ہے وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم نے اللہ بخش گوٹھ سے دوسیٹن اکا ریہ گوٹھ تک تین کلومیٹر روڈ محبت خان خاشکیلی گوٹھ سے غلام محمد گوٹھ تک روڈ کی تعمیر صالح سرمستانی گوٹھ اور امین پٹھان گوٹھ سیلنگ روڈ کے تعمیراتی منصوبوں کی پیشرفت اور ارتھ ورک کا جائزہ لیا ٹیم نے دورے کے موقع پر افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ کوالٹی میٹریل کے استعمال کو یقینی بنائیں اور مقررہ مدت میں منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنائیں سی ایم آئی ٹی ممبر منظور حسین نے کہا کہ لنک روڈز کے تعمیراتی منصوبوں کی تکمیل سیوندر کے دیہی ایریاز میں مواصلات کی بہتر سہولیات لوگوں کو میسر ہوگی واضح رہے کہ سی ایم آئی ٹی ترقیاتی منصوبوں میں مالیاتی پیش رفت اور تکمیل میں حائل رکاوٹوں کی نشاندہی کرنے کیساتھ منصوبوں کی پائیداری کو یقینی بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم سرکاری محکموں کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے علاوہ عمارتوں کی تعمیراتی منصوبوں کی پائیداری اور کامیابی کیلئے ٹھوس سفارشات پیش مرتب کرتی ہے ضلع حب اور ضلع لسبیلہ کے عوامی حلقوں نے سی ایم آئی ٹی کے حالیہ دورے اور مانیٹرنگ کے عمل کو ترقیاتی منصوبوں کی پائیداری میں معاون قرار دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کے دورہ لسبیلہ حب کی حقائق پر مبنی رپورٹس اور سفارشات پر چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور متعلقہ محکموں کے سیکریٹریز وزارت پلاننگ



محکمہ اریگیشن پی ایچ ای کی جاری ترقیاتی اسکیمات کی انسپکشن کی ساکران پائپ لائن اسکیم پراجیکٹ سائٹ مانیٹرنگ کے دوران ایکسئن پی ایچ ای حب بالاچ امیر اور ایس ڈی او منصور بزنجو کو زیرالتوا اسکیمات کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی ایکسئن پی ایچ ای نے سی ایم آئی ٹی ممبر کو بتایا کہ ضلع حب کی گنجان آبادی والے ایریاز گلشن امیر آباد ہیسنگل آباد گلیکسی ٹاؤن اور غریب آباد میں پانی کی صاف فراہمی کا اہم منصوبہ ہے 6 کروڑ روپے لاگت کے اس منصوبے کی بروقت تکمیل ضروری ہے ساکران اریگیشن کینال سے پمپنگ اسٹیشن ذریعے گلیکسی ٹاؤن تک 8 کلومیٹر پر محیط پائپ لائن پراجیکٹ ہے اس منصوبے میں دو واٹر اسٹوریج ٹینک کی تعمیر منصوبے میں شامل ہے تاہم پراجیکٹ زیرالتوا ہونے کی وجہ سے عوام اس منصوبے کی تکمیل کے منتظر ہیں یہاں یہ

کینال سے پانی کی اسٹوریج تالاب سے متعلق بریفنگ بھی لی وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم نے 65 ملین کی لاگت سے سونمیانی ناکہ کھارڑی اور 27 کروڑ کی لاگت بچگی گوٹھ حب میں محکمہ اریگیشن کے زیرنگرانی حفاظتی بندات کی تعمیراتی منصوبے کی سائٹ کا معائنہ اور منصوبوں کی تکنیکی پہلوؤں کا جائزہ لینے کیساتھ پراجیکٹ اخراجات سے متعلق اریگیشن آفیسران سے بریفنگ لی سی ایم آئی ٹی کی ٹیم نے پیرکس میں زرباب ڈیلے ایکشن ڈیم کے زیرتعمیر منصوبے اور اسپیل وے کی ڈیزائن سے متعلق معلومات حاصل کیں اریگیشن ڈیپارٹمنٹ کے ایس ڈی او آصف عمرانی اور سب انجینئر میر محمد نے وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم کو جاری ترقیاتی منصوبوں کی فزیکل اور فنانشل پروگریس کے حوالے سے بریفنگ دی سی ایم آء ٹی ممبرز منظور حسین اور عبدالغفار اچکزہ نے ضلع حب کی تحصیل



ٹاپنگ کے زیرتعمیر منصوبے کا معائنہ کیا محکمہ مواصلات وتعمیرات روڈ سیکٹر کے سب انجینئر نے وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم کو بتایا کہ اینگ منصوبے پر 14 ملین لاگت کے اخراجات آئے ہیں تمن

اینڈ ڈیولپمنٹ کے مجاز حکام ضرور ایکشن لیں گے اور صوبے میں انسداد بدعنوانی کی روک تمام پائیدار ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل وکامیابی میں کلیدی کردار ادا کریگے۔

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated 26 SEP 2024 Page No.



صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی صوبائی [illegible] کے اجلاس سے [illegible] رہے ہیں



صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی سے ملاقات کر رہے ہیں